# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 21 -2020

## پہلا پرچہ : غزل، قصیدہ اور رباعی

### مفوضہ کام۔ ۱ Assignment - 1 (اکائی 1 تا 10)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

**حصہ اول**

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔ (5x2=10)

1۔ جب شعر میں ایک چیز کو دوسری چیز سے مشابہت دی جاتی ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) استعارہ (b) کنایہ (c) تشبیہہ (d) مجاز مرسل

2۔ شعر میں ایسا لفظ لایا جائے جو ذو معنی ہو۔ایک قریبی مفہوم ہو جس کی طرف فوری ذہن منتقل ہوا اور دوسرا مفہوم بعید ہو جو غور کرنے پر کھلے۔اس صنعت کو کیا کہتے ہیں؟

(a) صنعت تضاد (b) صنعت ایہام (c) صنعت مبالغہ (d) صنعت تلمیح

3۔ اس شعر کے شاعر کا نام بتائیں؟

پیا باج پیالہ پیا جائے نا　　　پیا باج یک تل جیا جائے نے

(a) غالبؔ (b) محمد قلی قطب شاہ (c) ولیؔ اورنگ آبادی (d) میر تقی میرؔ

4۔ ولیؔ کا دیوان دہلی میں کب پہنچا؟

(a) 1700ء (b) 1709ء (c) 1719ء (d) 1729ء

5۔ ذوق کو خاقانی ہند کا خطاب کس بادشاہ نے عطا کیا تھا؟

(a) اکبر شاہ ثانی (b) ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ (c) جہانگیر (d) شاہجہاں

**حصہ دوم**

کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (2x5 = 10)

1۔ استعارہ کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

2۔ محمد قلی کی حیات اور شخصیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

3۔ ولیؔ کی شاعری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

4۔ داغؔ کی غزل گوئی کے اہم پہلوؤں پر اظہار خیال کیجیے۔

**حصہ سوم**

کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔ (1x10 = 10)

1۔ غالبؔ کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

2۔ میر تقی میرؔ کی شاعری کا اصل محور عشق ہے۔اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

3۔ آتشؔ کی غزل کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## پہلا پرچہ : غزل، قصیدہ اور رباعی

## مفوضہ کام۔۲ Assignment - 2 (اکائی 11 تا 20)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔ (5x2=10)

**1**۔ فانی بدایونی کا پورا نام کیا تھا؟

(a) اکبر علی خان (b) سعادت علی خان (c) وجاہت علی خان (d) شوکت علی خان

2۔ ''برگ نے'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) ذوقؔ (b) ناصرؔ کاظمی (c) مجروحؔ سلطان پوری (d) فانیؔ بدایونی

3۔ فن قصیدہ نگاری کا نقاش اول کسے کہا جاتا ہے؟

(a) ذوقؔ (b) غالبؔ (c) نصرتیؔ (d) سوداؔ

4۔ علی نامہ میں کتنے قصیدے ہیں؟

(a) سات (b) پانچ (c) دو (d) نو

5۔ قصیدہ مدیح خیر المرسلین کے شاعر کون ہیں؟

(a) نصرتیؔ (b) سوداؔ (c) ذوقؔ (d) محسنؔ کاکوروی

### حصہ دوم

کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (2x5 = 10)

**1**۔ جدید غزل میں مجروح کی انفرادیت پر نوٹ لکھیے۔

2۔ ناصر کاظمی کی غزل کے چند امتیازی اوصاف کی مثالوں کے ذریعے نشان دہی کیجیے۔

3۔ قصیدے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

4۔ ذوقؔ کی تشبیہوں کی خوبیاں بیان کیجیے۔

### حصہ سوم

کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔ (1x10 = 10)

**1**۔اردو کی غزلیہ شاعری میں فراق کی انفرادیت پر نوٹ لکھیے۔

2۔ نصرتیؔ کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

3۔ قصیدہ 'مدیح المرسلین'' کی روشنی میں محسن کاکوروی کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## پہلا پرچہ : غزل، قصیدہ اور رباعی

### مفوضہ کام۔۳ Assignment - 3 (اکائی 21 تا 29)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

حصہ اول

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

1۔ رباعی کس زبان کا لفظ ہے؟

**(a)** عربی (b) فارسی (c) ترکی (d) ہندی

**2**۔ رباعی کا موجد کون ہے؟

(a) ابوالحسن رودکی (b) عبدالشکور بلخی (c) بایزید بسطامی (d) عمر خیام

3۔ رباعی کے لیے کتنے اوزان مقرر کیے گئے ہیں؟

(a) 12 (b) 24 (c) 13 (d)11

4۔ اردو کے پہلے رباعی گو کون ہیں؟

(a) محمد قلی (b) وجہی (c) حضرت خواجہ بندہ نوازؒ (d) ملا خیالی

5۔ اس رباعی کے شاعر کون ہیں؟

دنیائے دنی کو نقش فانی سمجھو روداد جہاں کو اک کہانی سمجھو
پر جب کرو آغاز کوئی کام نیا ہر سانس کو عمر جاودانی سمجھو

(a) انیسؔ (b) امجدؔ حیدرآبادی (c) فانیؔ (d) حالیؔ

حصہ دوم

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

**1**۔ دکنی کے چند اہم رباعی گو شعرا کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

2۔ رباعی میں چوتھے مصرعے کی کیا اہمیت ہے؟

3۔ محمد قلی کی رباعی گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

4۔ امجدؔ کی رباعیوں میں تصوف کے عناصر کی نشان دہی کیجیے۔

حصہ سوم

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

**1**۔ ولیؔ کی رباعی گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

2۔ میر انیسؔ نے رباعی گوئی میں بھی اپنی انفرادیت کو منوایا ہے، تبصرہ کیجیے۔

3۔ جوشؔ کی کسی دو رباعیوں کی تشریح کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## پہلا پرچہ : غزل، قصیدہ اور رباعی

**مفوضہ کام۔۴ Assignment - 4 (اکائی 1 تا 29)**

درج ذیل تمام سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

1۔ وہ لفظ یا الفاظ جو قافیے کے بعد آتے ہیں، غزل کی اصطلاح میں انہیں کیا کہتے ہیں؟

(a) تشبیب (b) ردیف (c) مطلع (d) مقطع

**2**۔ شعر میں کسی مشہور قصے، واقعے، کردار یا شخصیت کے ذریعے کسی بات کی طرف اشارہ کیا جائے تو اس صنعت کو کہتے ہیں۔

(a) صنعت تلمیح (b) صنعت تضاد (c) صنعت مبالغہ (d) صنعت ایہام

3۔ ولیؔ کا دیوان دہلی کب پہنچا؟

(a) 1707ء (b) 1719ء (c) 1700ء (d) 1725ء

4- غالبؔ نے فارسی کے کس شاعر کی پیروی کی؟

**(a)** سعدی (b) بیدل (c) رومی (d) حافظ

5۔ ''پہلی بارش''اور''سر کی چھایا''کس کے مجموعے کلام ہیں؟

(a) ناصر کاظمی (b) مجروح سلطانپوری (c) فانی بدایونی (d) فراق گورکھپوری

6۔ ہجویہ قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

(a) جس میں بہاریہ مضامین ہوں (b) جس میں عشقیہ مضامین ہوں (c) جس میں ممدوح کی تعریف وتوصیف کی جائے (d) جس میں تضحیک کا پہلو ہو

7۔ ایسے قصیدے جس کا مقصد پند ونصیحت، اخلاق وآداب کی تبلیغ ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) مدحیہ قصائد (b) ہجویہ قصائد (c) وعظیہ قصائد (d) بیانیہ قصائد

8۔ سوداؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(a) مرزا محمد شفیع (b) مرزا محمد رفیع (c) مرزا محمد شجیع (d) مرزا محمد سمیع

9 ۔ پہلا قصیدہ ذوقؔ نے کس بادشاہ کے لیے لکھا تھا؟

(a) بہادر شاہ ظفر (b) شاہجہاں (c) اکبر شاہ ثانی (d) جہانگیر

10۔ محسن کاکوروی کس سنہ میں پیدا ہوئے؟

(a) 1826ء (b) 1836ء (c) 1816ء (d) 1806ء

11۔ محمد قلی نے کس موضوع پر سب سے زیادہ رباعیاں کہی ہیں؟

(a) مذہبی (b) خمریات (c) عشقیہ (d) تصوف

12۔ اگر کسی قصیدے کا قافیہ لام پر ختم ہو تو وہ قصیدہ کیا کہلائے گا؟

(a) قصیدہ لامیہ (b) قصیدہ کافیہ (c) قصیدہ میمیہ (d) قصیدہ مدحیہ

13۔ حکومت ہند نے حالی کو شمس العلما کا خطاب کس سنہ میں دیا؟

(a) 1900ء (b) 1904ء (c) 1907ء (d) 1908ء

14۔ اکبرالہٰ آبادی کا تعلق کس پیشہ سے تھا؟

(a) وکالت (b) محاسب (c) تدریس (d) صحافت

15۔ اس رباعی کے شاعر کون ہیں؟

کم ظرف اگر دولت وزر پاتا ہے مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے

کرتے ہیں ذرا سی بات میں فخر خسیس تنکہ تھوڑی ہوا سے اڑ جاتا ہے

(a) جوشؔ (b) حالؔی (c) امجؔد (d) انیسؔ

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## دوسرا پرچہ : مثنوی، مرثیہ اور نظم

### مفوضہ کام۔ ا Assignment - 1 (اکائی 1 تا 10)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

**حصہ اول**

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

1۔ سودا نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

(a) 24 (b) 16 (c) 12 (d) 8

2۔ کس مثنوی کو دکن کا شاہنامہ کہا جاسکتا ہے؟

(a) خواب وخیال (b) علی نامہ (c) بحرالفت (d) دریائے عشق

3۔ مثنوی ''جمہور نامہ'' کے شاعر کا نام بتائیے؟

(a) اقبال (b) حالی (c) علی سردار جعفری (d) کیفی اعظمی

4۔ مرثیے کے اجزائے ترکیبی کتنے ہیں؟

(a) بارہ (b) چھ (c) پانچ (d) آٹھ

5۔ کس سنہ میں انیس کا انتقال ہوا؟

(a) 1874 (b) 1803 (c) 1857 (d) 1870

**حصہ دوم**

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ پر اظہار خیال کیجیے۔

2۔ مثنوی گلزار نسیم میں بکاؤلی کا کردار قلم بند کیجیے۔

3۔ ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' کو دکنی اردو کی شاہکار مثنوی کیوں سمجھا جاتا ہے؟

4۔ مثنوی ''زہر عشق'' کا قصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**حصہ سوم**

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔ سحر البیان کے اہم کرداروں کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔

2۔ مرثیے کے اجزائے ترکیبی تفصیل سے بیان کیجیے۔

3۔ انیس کے مرثیوں کی چند اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## دوسرا پرچہ : مثنوی، مرثیہ اور نظم

### مفوضہ کام۔ ۲ Assignment - 2 (اکائی 11 تا 19)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

**حصہ اول**

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

**1**۔ مرزا دبیر کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(a) 9/اگست 1803 (b) 9/اگست 1805 (c) 9/اگست 1816 (d) 9/اگست 1873

2۔ وحید اختر کے مرثیوں کے مجموعے کا نام بتایئے؟

(a) دفتر ماتم (b) کربلا تا کربلا (c) پتھروں کا مغنی (d) عالم آشوب

3۔ بکٹ کہانی کا شاعر کون ہے؟

(a) حاتم (b) فائز (c) افضل جھنجھانوی (d) جعفرزٹلی

4۔ ''صبح امید'' کے شاعر کون ہیں؟

(a) نظیر اکبرآبادی (b) حالی (c) محمد حسین آزاد (d) شبلی نعمانی

5۔ کس دکنی شاعر نے اردو نظم کو سب سے پہلے رومانی موضوعات سے سنوارا ہے؟

(a) محمد قلی قطب شاہ (b) اشرف بیابانی (c) ابراہیم عادل شاہ ثانی (d) وجہی

**حصہ دوم**

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ دبیر کی حیات پر روشنی ڈالیے۔

2۔ مرثیہ ''شہید عطش'' پر ایک جامع مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ نثری شاعری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

4 ۔ دوہا اور ماہیا کے بارے میں لکھیے۔

**حصہ سوم**

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔ انیس و دبیر کی مرثیہ نگاری کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

2۔ سانیٹ، ترائیلے اور ہائیکو کے بارے میں لکھیے۔

3۔ ن۔م۔راشد کی شاعری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## دوسرا پرچہ : مثنوی، مرثیہ اور نظم

### مفوضہ کام۔۳ Assignment - 3 (اکائی 20 تا 28)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

1۔ نظیر اکبرآبادی کی سنہ پیدائش کونسی ہے؟

(a) 1736 (b) 1738 (c) 1735 (d) 1730

2۔ حیات جاوید کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟

(a) انشائیہ (b) سوانح (c) آپ بیتی (d) مضمون

3۔ اقبال کی مثنوی اسرارخودی کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

(a) آر۔اے۔نکلسن (b) آرنلڈ (c) سرعبدالقادر (d) وزیر محمد بنارسی

4۔ ''او دیس سے آنے والے بتا''، نظم کس شاعر کی ہے؟

(a) اقبال (b) جوش (c) اختر شیرانی (d) اخترالایمان

5 ۔ متاع لوح وقلم کس شاعر کا نثری مجموعہ ہے؟

(a) اختر شیرانی (b) کیفی اعظمی (c) مجاز (d) فیض احمد فیض

### حصہ دوم

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ شعر کی طرف خطاب میں حالی نے اچھے شعر کی کیا خصوصیات بتائی ہیں؟

2۔ اختر شیرانی کی نظم ''اے عشق کہیں لے چل'' کا خلاصہ لکھیے۔

3۔ جوش کی نظم نگاری کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

4۔ اخترالایمان کی نظم ''ایک لڑکا'' کی تشریح کیجیے۔

### حصہ سوم

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔ اقبال کی نظم نگاری کا احاطہ کیجیے۔

2۔ ''فیض کی رومانی شاعری میں تنہائی اور انتظار مرکزی حیثیت رکھتے ہیں'' آپ اس خیال سے کس حد تک مطمئین ہیں؟ مدلل لکھیں۔

3۔ مخدوم کی عشقیہ و رومانی شاعری پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## دوسرا پرچہ : مثنوی، مرثیہ اور نظم

### مفوضہ کام۔۴ Assignment - 4 (اکائی 1 تا 28)

درج ذیل تمام سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

1۔ سردار جعفری کی مثنوی کا نام بتایئے۔

(a) جمہور نامہ (b) خانہ جنگی (c) امن نامہ (d) ساقی نامہ

2۔ مثنوی شب قدر کے شاعر کا نام بتایئے۔

(a) حالی (b) محمد حسین آزاد (c) شبلی (d) اقبال

3۔ مثنوی کے لیے عام طور پر کتنی بحریں مستعمل ہیں؟

(a) پانچ (b) چھ (c) سات (d) آٹھ

4۔ ابن نشاطی کی مثنوی کا نام بتایئے۔

(a) قطب مشتری (b) گلزار نسیم (c) سیف الملوک وبدیع الجمال (d) پھول بن

5۔ نواب مرزا شوق نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

(a) تین (b) پانچ (c) چھ (d) سات

6۔ یہ شعر کس کا ہے؟

قتل حسینؑ اصل میں مرگ یزید ہے   اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

(a) جوشؔ (b) مولانا محمد علی جوہرؔ (c) اقبالؔ (d) آل رضا

7۔ مرثیہ ''شہید عطش'' میں کس کی شہادت کا بیان ہے؟

(a) علی اکبرؑ (b) قاسم ابن حسنؑ (c) علی اصغرؑ (d) عون ومحمدؑ

8۔ شکار نامہ اور چکی نامہ کس کی نظمیں ہیں؟

(a) حضرت خواجہ بندہ نوازؒ (b) خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی (c) میراں جی شمس العشاق (d) اشرف بیابانی

9۔ ہائیکو کس زبان کی شعری ہیئت ہے؟

(a) فرانسیسی (b) جاپانی (c) انگریزی (d) پنجابی

10۔ مسدس حالی کس سنہ میں شائع ہوئی؟

(a) 1870 (b) 1875 (c) 1879 (d) 1897

11۔ اقبال کا کونسا مجموعہ کلام فارسی میں ہے؟

(a) پیام مشرق (b) بانگ درا (c) بال جبریل (d) ارمغان حجاز

12۔ اقبال کی پہلی طویل نظم کونسی ہے؟

(a) ہمالہ (b) لالۂ صحرا (c) شکوہ (d) فنون لطیفہ

13۔ ''مجھ سے پہلی سی محبت میری محبوب نہ مانگ'' یہ مشہور نظم کس شاعر کی ہے؟

(a) جوشؔ (b) مخدومؔ (c) فیضؔ (d) کیفی اعظمی

14۔ کونسا مجموعہ کلام مخدوم کا نہیں ہے؟

(a) سرخ سویرا (b) گل تر (c) بساط رقص (d) نقش فریادی

15۔ مخدوم کی پہلی مطبوعہ نظم ''طور'' کس رسالے میں شائع ہوئی ؟

(a) نگار (b) ایوان (c) نیا ادب (d) پیام

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## تیسرا پرچہ : اردو زبان وادب کا تاریخ

### مفوضہ کام۔ ا Assignment - 1 (اکائی 1 تا 10)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

**حصہ اول**

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

**1**۔ مغربی ہندی کی کتنی بولیاں ہیں؟

(a) پانچ (b) چار (c) تین (d) سات

2۔ ''اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی۔'' یہ نظریہ کس کا ہے؟

(a) محمود شیرانی (b) ڈاکٹر زور (c) محمد حسین آزاد (d)) ڈاکٹر شوکت سبزواری

3۔ ''خوب ترنگ'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) شاہ برہان الدین جانم (b) شیخ خوب محمد چشتی (c) میراں جی خدا نما (d) شاہ امین الدین علی اعلیٰ

4۔ ہاشمی کی اہم مثنوی کا نام بتایئے؟

(a) طوطی نامہ (b) معراج نامہ (c) مثنوی عشقیہ (d) یوسف زلیخا

5 ۔ عادل شاہی دور کے شاعر مرزا نے کس صنف میں کمال حاصل کیا؟

(a) مرثیہ (b) مثنوی (c) قصیدہ (d) غزل

**حصہ دوم**

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ زبان اور بولی کا فرق واضح کیجیے۔

2۔ شاہ برہان الدین جانم کی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ نوسرہار کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

4۔ کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(1) ابن نشاطی (2) میراں جی خدا نما (3) احمد گجراتی (4) احمد جنیدی

**حصہ سوم**

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔'اردو برج بھاشا سے نکلی' یہ کس کا نظریہ ہے اور کن دلائل پر مبنی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

2۔ قطب شاہی دور کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

3۔ نصرتی کی تصانیف کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## تیسرا پرچہ :اردو زبان وادب کی تاریخ

## مفوضہ کام۔ ۲۔ Assignment -2 (اکائی 11 تا 20)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔ (5x2=10)

1۔ ''کلمۃ الحقائق'' کس کا نثری رسالہ ہے؟

(a) شاہ برہان الدین جانم (b) امین الدین اعلیٰ (c) میراں جی شمس العشاق (d) محمود خوش دہاں

2۔ مثنوی بوستان خیال کے مصنف کون ہیں؟

(a) خواجہ محمد میر (b) سراج اورنگ آبادی (c) شاہ قاسم اورنگ آبادی (d) عاجز اورنگ آبادی

3۔ شیفتہ کے تذکرے کا نام بتایئے؟

(a) تذکرہ ریختہ گویاں (b) نکات الشعرا (c) گلشن بے خار (d) آب حیات

4۔ فورٹ ولیم کالج کب اور کہاں قائم کیا گیا؟

(a) 1800ء کلکتہ میں (b) 1800ء مدراس میں (c) 1805ء دہلی میں (d) 1825ء حیدرآباد میں

5۔ ''سدا ایک ہی رخ نہیں ناؤ چلتی چلو تم ادھر کو ہوا ہو جدھر کی'' یہ مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟

(a) بہادر شاہ ظفر (b) اقبال (c) چکبست (d) حالی

### حصہ دوم

کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (2x5 = 10)

1۔ کربل کتھا پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

2۔ میر امن اور باغ و بہار کی اردو نثر میں کیا اہمیت ہے؟

3۔ خواجہ میر درد کی شاعری کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

4۔ دہلی اور لکھنو اسکول کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

### حصہ سوم

کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔ (1x10 = 10)

1۔ فورٹ سینٹ جارج کالج کے ہندوستانی مصنفین کی علمی اور ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

2۔ نظیر کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ 1857ء کے بعد کی شاعری میں ہونے والی تبدیلیوں کے محرکات کی نشان دہی کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## تیسرا پرچہ : اردو زبان وادب کی تاریخ

## مفوضہ کام۔۳۔ Assignment - 3 (اکائی 21 تا 30)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔ (5x2=10)

1۔ ایامیٰ کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) نذیر احمد (b) سرشار (c) شرر (d) رسوا

2۔ اردو کے پہلے طبع زاد افسانے کا نام بتائیے۔

(a) دنیا کا انمول رتن (b) نشہ کی پہلی ترنگ (c) بڑے گھر کی بیٹی (d) ایک پارسی دوشیزہ کو دیکھ کر

3۔ ''رامائن کا ایک سین'' نظم کس کی ہے؟

(a) جوشؔ (b) اسمٰعیل میرٹھی (c) تلوک چند محروم (d) برج نرائن چکبست

4۔ شاعر شباب اور انقلاب کس کو کہا جاتا ہے؟

(a) سرور جہاں آبادی (b) حفیظ جالندھری (c) جوشؔ (d) عظمت اللہ خاں

5۔ ''تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں'' یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(a) شادؔ عظیم آبادی (b) ریاض خیرآبادی (c) سیماب اکبرآبادی (d) جگر مرادآبادی

### حصہ دوم

کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (2x5 = 10)

1۔ سوانح عمری کی تعریف کرتے ہوئے اس کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

2۔ علی گڑھ تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

3۔ اکبرالہٰ آبادی کی شاعری کی اہم خصوصیت کیا ہے؟

4۔ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

### حصہ سوم

کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔ (1x10 = 10)

1۔ انجمن پنجاب کی تحریک نے اردو شعر وادب میں ایک نئی تبدیلی پیدا کی۔وضاحت کیجیے۔

2۔ علامہ اقبال کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ ترقی پسند تحریک کے آغاز اور عروج کی تفصیلات تحریر کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## تیسرا پرچہ : اردو زبان وادب کی تاریخ

### مفوضہ کام۔۴ Assignment - 4 (اکائی 1 تا 30)

درج ذیل تمام سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

1۔ کلمۃ الاسرار کس کی کتاب ہے؟

(a) شاہ امین الدین اعلیٰ (b) میراں جی خدانما (c) شیخ خوب محمد چشتی (d) شاہ برہان الدین جانم

2۔ سہاگن نامہ کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) میراں یعقوب (b) حضرت شاہ راجو حسینی (c) میراں جی خدانما (d) قطب رازی

3۔ قصہ ''مذہب عشق'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) میر امن (b) میر شیر علی افسوس (c) نہال چند لاہوری (d) مظہر علی خاں ولا

4۔ اردو میں سب سے پہلے معریٰ نظم کس نے لکھی؟

(a) اسماعیل میرٹھی (b) عبدالحلیم شرر (c) نظم طباطبائی (d) محمد حسین آزاد

5۔ ہیئتی تنقید کی بنیاد کس نے رکھی؟

(a) احتشام حسین (b) مسعود حسین خاں (c) شمس الرحمان فاروقی (d) گوپی چند نارنگ

6۔ مغنی تبسم کا شمار کن نقادوں میں ہوتا ہے؟

(a) ہیئتی نقادوں میں (b) تاثراتی نقادوں میں (c) اشتراکی نقادوں میں (d) نفسیاتی نقادوں میں

7۔ ادارہ ادبیات اردو کہاں واقع ہے؟

(a) دہلی (b) حیدرآباد (c) علی گڑھ (d) اعظم گڑھ

8۔ افسانوں کا مجموعہ انگارے کس سنہ میں شائع ہوا؟

(a) 1932ء (b) 1935 ء (c) 1936ء (d) 1938 ء

9۔ علی گڑھ میں ترقی پسند مصنفین کا پہلا اجلاس کس کے مکان پر ہوا؟

(a) علی سردار جعفری (b) حیات اللہ انصاری (c) شاہد لطیف (d) خواجہ منظور حسین

10۔ شاہد احمد دہلوی کے رسالے کا نام کیا تھا؟

(a) پیام (b) نیا ادب (c) ادب لطیف (d) شاہ جہاں

11۔''مجاز انقلاب کا ڈھنڈورچی نہیں انقلاب کا مطرب ہے'' کس کا قول ہے؟

(a) آل احمد سرور (b) خلیل الرحمان اعظمی (c) عزیز احمد (d) فیض احمد فیض

12۔ ترقی پسند شاعروں میں کس شاعر نے صرف غزل کو اپنے اظہار کا وسیلہ بنایا؟

(a) مجروح سلطان پوری (b) ساحر لدھیانوی (c) کیفی اعظمی (d) مخدوم محی الدین

13۔ عورتوں کی معاشرت سے تعلق رکھنے والے محاورات، تشبیہات والفاظ سے کس افسانہ نگار نے اردو افسانے کو مالا مال کی؟

(a) صدیقہ بیگم سیوہاروی (b) عصمت چغتائی (c) شکیلہ اختر (d) ہاجرہ مسرور

14۔ جدیدیت کا خمیر کس سے تیار ہوا؟

(a) وجودیت اور تجریدیت سے (b) حقیقت پسندی اور اشتراکیت سے (c) رومانیت سے (d) خارجیت کے تصور سے

15۔ جدید افسانہ میں کس سے انحراف کیا گیا؟

(a) کہانی، پلاٹ اور کردار سے (b) منظر نگاری سے (c) مکالمے سے (d) علامتوں سے

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## چوتھا پرچہ : ہندی زبان اور ادب

### مفوضہ کام۔ ا۔ Assignment - 1 (اکائی 1 تا 7)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

**حصہ اول**

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

1۔ لنگ کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

(a) جنس (b) اسم (c) تذکیر (d) تانیث

2۔ کال کسے کہتے ہیں؟

(a) فعل (b) زمانہ (c) ضمیر (d) اسم

3۔ واکیہ کسے کہتے ہیں؟

(a) جملہ کو (b) ضمیر کو (c) فعل کو (d) اسم کو

4۔ مہادیوی ورما کو کس تخلیق کے لیے گیان پیتھ ایوارڈ ملا اور کب؟

(a) یاما کے لیے 1982ء میں (b) رشمی کے لیے 1982ء میں (c) ویپ شکھا کے لیے 1982ء میں (d) سندھیا گیت

5۔ بھارتیندو ہریش چندر کی پیدائش کب ہوئی؟

(a) 1850ء میں (b) 1890ء میں (c) 1898ء میں (d) 1897ء میں

**حصہ دوم**

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ سنگیہ (اسم) کی تعریف کیجیے اور اس کی اقسام کے بارے میں لکھیے۔

2۔ کریا وشیشن کسے کہتے ہیں؟ کسی دو کریا وشیشن کی مثالیں دیجیے۔

3۔ مرزا غالب سبق کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

4۔ مہادیوی ورما نے پڑھی لکھی شہری خواتین اور دیہاتی عورتوں میں کیا فرق بتایا ہے؟

**حصہ سوم**

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔ واکیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام کو مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

2۔ بھارتیندو کے مطابق ہندوستان کی ترقی کیسے ہوسکتی ہے؟

3۔ مہادیوی ورما کے خیالات اپنے الفاظ میں لکھیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 2020-21

## چوتھا پرچہ : ہندی زبان اور ادب

## مفوضہ کام ۔۲۔ Assignment - 2 (اکائی 8 تا 14)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔ (5x2=10)

1۔ ہندی ادب کی تاریخ کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(a) چار حصوں (b) پانچ حصوں (c) تین حصوں (d) دو حصوں

2۔ بھکتی کال کی کتنی شاخیں ہیں؟

(a) چار (b) دو (c) تین (d) پانچ

3۔ پریم مارگی شاکھا کے مشہور شاعر کون ہیں؟

(a) تلسی داس (b) نابھاداس (c) ملک محمد جائسی (d) سورداس

4۔ چھایاواد کا عہد کب سے کب تک مانا جاتا ہے؟

(a) 1900 سے 1918 تک (b) 1918 سے 1921 تک (c) 1918 سے 1928 تک (d) 1918 سے 1938 تک

5 ۔ بہاری کے دوہوں کے مجموعہ کا نام بتائیے۔

(a) بہاری ست سئی (b) ساہتیہ سار (c) متی رام ست سئی (d) رس راگ

### حصہ دوم

کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (2x5 = 10)

1۔ ایشور کے بارے میں کبیر کے خیالات پر روشنی ڈالیے۔

2۔ ویرگاتھا کی مشہور تصنیف پرتھوی راج راسو کے بارے میں لکھیے۔

3۔ بہاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

4۔ راسو رزمیہ نظموں کے بارے میں مختصر طور پر بتائیے۔

### حصہ سوم

کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔ (1x10 = 10)

1۔ ککرمتا نظم کا خلاصہ لکھیے۔

2۔ بھکتی کال کو سنہرا دور کہا جاتا ہے۔ وجوہات بتائیے۔

3۔ ریتی کال کے شعرا کے بارے میں لکھیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 21 - 2020

## چوتھا پرچہ :فارسی زبان اور ادب

## مفوضہ کام۔ ۳۔ Assignment - 3 (اکائی 1 تا 12)

یہ مفوضہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں کے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔

### حصہ اول

**درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔** (5x2=10)

1۔ سعدی کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) شیراز (b) مصر (c) بغداد (d) دمشق

2۔ گلستان سعدی میں کتنے باب ہیں؟

(a) چھ (b) آٹھ (c) پانچ (d) نو

3۔ حافظ شیرازی کا پورا نام کیا تھا؟

(a) محمد شمس الدین (b) شمس الدین (c) شمس الدین محمد (d) شمس الدین حافظ

4۔ عمر خیام کس صنف سخن کے شاعر ہیں؟

(a) قصیدہ (b) مرثیہ (c) غزل (d) رباعی

5 ۔ ایرج مرزا کی مشہور نظم کونسی ہے؟

(a) مادر (b) کرم کتابی (c) صدائے درد (d) رحم کردن

### حصہ دوم

**کسی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (2x5 = 10)

1۔ چوپان دروغ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

2۔ فارسی زبان میں غزل کا مقام متعین کیجیے۔

3۔ نظم کرم کتابی کا خلاصہ لکھیے ۔

4۔ عہد ساسانی کے کتبوں کے متعلق لکھیے ۔

### حصہ سوم

**کسی ایک سوال کا تفصیل سے جواب دیجیے۔** (1x10 = 10)

1۔ عمر خیام کی حیات اور شاعری کے بارے میں لکھیے ۔

2۔ ایرج مرزا کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے نظم مادر کا خلاصہ لکھیے ۔

3۔ سامانی دور کا بڑا شاعر رودکی تھا۔ بحث کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## ایم۔اے اردو سال اول 21 - 2020

## چوتھا پرچہ : ہندی زبان اور ادب (اکائی 1 تا 14)

## فارسی زبان اور ادب (اکائی 1 تا 12)

## مفوضہ کام۔۴ Assignment - 4

**درج ذیل تمام سوالوں کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ اس مفوضہ کے جملہ نشانات 30 ہیں۔**

1۔ وچن (صیغہ) کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

2۔ کریا وشیشن کی کتنی اقسام ہیں؟

(a) چھ (b) چار (c) تین (d) دو

3۔ مہادیوی ورما کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

(a) 1907ء میں اتر پردیش فرخ آباد میں (b) 1909ء میں دہلی میں (c) 1905ء میں کاشی میں ((d) 1917ء میں امرتسر میں

4۔ گجادھر بابو کس کہانی کا کردار ہیں؟

(a) پرماتما کا کتا (b) گھر اور باہر (c) پریم کا سندیش (d) واپسی

5۔ کبیر داس بھکتی کال کی کس شاخ سے تعلق رکھتے ہیں؟

(a) گیان مارگی شاکھا (b) پریم مارگی شاکھا (c) رام بھکتی شاکھا (d) کرشن بھکتی شاکھا

6۔ پدماوت کس کی تصنیف ہے؟

(a) نور محمد (b) قطبن (c) منجن (d) ملک محمد جائسی

7۔ بہاری کے دوہوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

(a) رس پربودھ (b) بہاری ست سئی (c) نکھ سکھ (d) متی رام ست سئی

8۔ بھارتیندو دور کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(a) دویدی یگ (b) سرسوتی دور (c) چھایاواد (d) جاگرن کال

9۔ اسم کی جگہ کونسا کلمہ استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) ضمیر (b) ضمیر گستہ (c) ضمیر پیوستہ (d) ضمیر اشارہ

10۔ شما دیدہ باشد کا اردو ترجمہ بتائیے۔

(a) اس نے دیکھا ہوگا (b) تم نے دیکھا ہوگا (c) ہم نے دیکھا ہوگا (d) میں نے دیکھا ہوگا

11۔ مجموعۂ آثار سعدی کو کیا کہتے ہیں؟

(a) بوستان (b) گلستان سعدی (c) کلیات سعدی (d) ان میں سے کچھ نہیں۔

12۔ ان میں سے اقبال کا فارسی مجموعہ کلام کونسا ہے؟

(a) زبورعجم (b) بانگ درا (c) بال جبرئیل (d) جاوید نامہ

13۔ کونسا بادشاہ عادل مشہور ہوا؟

(a) نوشیروان (b) اردشیر بابکان (c) شاہ پور اردشیر (d) خسرو پرویز

14۔ رودکی سمرقندی کا نام کیا تھا؟

(a) ابوالحسن مجدالدین (b) ابن عبداللہ جعفر بن محمد (c) ابومنصور محمد بن احمد (d) ابوالموید

15۔ فارسی ناول ''ہما'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) علی دشتی (b) جمال زادہ (c) محمد حجازی (d) محمد باقر خسروی